TPLInsurance

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ TPL انشورنس لمیٹڈ ("کمپنی") کا غیر معمولی اجلاسِ عام ("EOGM") بروز بدھ، 06 جولائی، 2022 کو صبح 11:00 بجے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے الیکٹرانک طریقے سے منعقد ہوگا:

عمومی امور:

1۔ مورخہ 25 اپریل، 2022 کو منعقد شدہ سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی کی منظوری

"طے پایا کہ بذریعہ ہٰذا مورخہ 25 اپریل، 2022 کو صبح 11:00 بجے منعقد شدہ TPL انشورنس لمیٹڈ کے سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی کو منظور کیا جاتا ہے۔"

خصوصی امور:

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے مطابق کمپنی کو منسلک کمپنی، TPL لائف انشورنس لمیٹڈ میں 200 ملین روپے کی ایکویٹی سرمایہ کاری کے حوالے سے اجازت کے لیے خصوصی قرارداد پر غور وخوص اور اگر موزوں تصور کیا جائے تو اس کی مع یا بلا ترمیم منظوری دینا۔

"طے پایا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے مطابق کمپنی کو بذریعہ ہٰذا منسلک کمپنی، TPL لائف انشورنس لمیٹڈ میں 200 ملین روپے کی ایکویٹی سرمایہ کاری کی اجازت دی جاتی ہے۔"

"مزید طے پایا کہ، کمپنی کے چیف ایگزیکیٹو آفیسر اور کمپنی سیکریٹری مختار ہیں اور انہیں بذریعہ ہٰذا مذکورہ بالا سرمایہ کاری اور اس کے تمام اتفاقی / متعلقہ اور / یا ذیلی امور کے حوالے سے مطلوب تمام ضروری اقدامات کو انفرادی طور پر انجام دینے کی اجازت دی جاتی ہے۔"

(کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (3)134 کے تحت مذکورہ بالا غیر معمولی اجلاسِ عام میں انجام دیئے جانے والے درج بالا خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق پر مبنی گوشوارہ کمپنی کے حصص یافتگان کو ارسال کر دیا گیا ہے۔

دیگر امور:

3۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کو انجام دینا۔

حسب الحکم بورڈ

دانش قاضی

کمپنی سیکریٹری

15 جون، 2022 کراچی،

تمسکات (Notes):

1۔ **الیکٹرانک طریقے سے EOGM کے انعقاد کی وجہ**

عالمی وباء کے پھیلاؤ کے خطرے سے بچاؤ اور حصص یافتگان کی صحت کے تحفظ کے لیے کمپنی اپنے اراکین سے درخواست کرتی ہے کہ وہ ایک مقام پر بڑے مجمع سے اجتناب کے لیے اجلاسِ عام میں ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے شریک ہوں۔

لہٰذا اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ EOGM میں ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے شرکت اور شمولیت کے لیے اپنے کوائف (نام، فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر، سی این آئی سی نمبر اور موبائل فون نمبر) کمپنی سیکریٹری کے پاس، EOGM کے وقت سے کم از کم 24 گھنٹے قبل company.secretary@tplholdings.com پر ای میل کر کے درج کرائیں۔

اراکین غیر معمولی اجلاسِ عام کے مجوزہ ایجنڈا کے حوالے سے اپنی آراء / تجاویز company.secretary@tplholdings.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔

2۔ **منتقلی حصص کی کتب کی بندش:**

کمپنی کی حصص کی منتقلی کی کتب (شیئر ٹرانسفر بکس) 04 جولائی، 2022 تا 06 جولائی، 2022 (بشمول دو یوم) بند رہیں گی۔ منتقل الیہان (ٹرانسفریز) کے مذکورہ بالا استحقاق کے مقصد کے لیے میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ بواقع پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی۔75500، پاکستان کو 01 جولائی 2022، کاروباری اوقات کار (شام 5:00 بجے) تک موصول شدہ منتقلی حصص کی درخواستوں کو بروقت تصور کیا جائے گا۔

3۔ **اجلاس میں شمولیت:**

کمپنی کے تمام اراکین پراکسی کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے اور وہاں ووٹ دینے کے حقدار ہیں۔ باضابطہ طور پر تقرر شدہ پراکسی، اجلاس میں بات کرنے اور ووٹ دینے کے انہی حقوق کا حامل ہوگا، جو ایک رکن کو دستیاب ہوتے ہیں۔ باضابطہ طور پر پُر اور دستخط شدہ پراکسی فارمز، کمپنی کے رجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ بواقع پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی۔75500، پاکستان کے پتے پر اجلاس سے 48 گھنٹے قبل لازمی طور پر موصول ہو جانا چاہیئے۔

4۔ **برائے اجلاس میں شرکت:**

(i)۔ انفرادی شخص کی صورت میں، کھاتہ دار (اکاؤنٹ ہولڈر) اور / یا ذیلی کھاتہ دار (سب اکاؤنٹ ہولڈر)، جن کی تفصیلات CDC قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کر دی گئی ہیں، اپنے مؤثر سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی نقل مع دیگر کوائف (نام، فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر، موبائل فون نمبر) کی مذکورہ بالا آئی ڈی پر بذریعہ ای میل فراہمی کے ذریعے اپنی شناخت کی تصدیق کریں گے نیز پراکسی کی صورت میں لازمی طور پر اس کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی نقل منسلک کریں۔

(ii)۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائیریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ، نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ مذکورہ بالا آئی ڈی پر بذریعہ ای میل فراہم کریں گے۔

5۔ **پتے کی تبدیلی:**

اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر شیئر رجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، بواقع پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی۔75500، پاکستان کو مطلع کریں۔

اس نوٹس کی تشریح اور تفصیل یا مبالغہ کی صورت میں انگریزی میں چھپے EOGM نوٹس کو حتمی حیثیت حاصل ہوگی۔